تعلیم القرآن از جناب مولوی محمد عبدالرحیم صاحب۔ قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ:۔ دارالاشاعت تفسیر تعلیم القرآن۔ قطبی گوڑہ جدید۔ حیدر آباد، دکن۔

اس تفسیری سلسلہ کے رسائل کے کچھ رسائل پر پہلے بھی ریویو ہو چکا ہے پیش نظر نمبر میں سورہ ممتحنہ کی تفسیر درج ہے

تعلیمات القرآن مولفہ محترمہ عفت وصدیقہ۔ قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ:۔ دارالاشاعت تفسیر تعلیم القرآن۔ قطبی گوڑہ جدید۔ حیدر آباد، دکن۔

یہ بھی "تعلیم القرآن" کے رنگ کی ایک تفسیری کوشش ہے جو جناب مولوی عبدالرحیم صاحب کی صاحبزادیوں کے جذبۂ خدمت قرآن کا نتیجہ ہے۔ اس میں عقائد، عبادات، معاملات اور اخلاق کے متعلق قرآن کی مختلف آیات کے سیدھے سادے مطالب بیان کیے گئے ہیں۔

تطہیر القلوب از جناب الحاج سید صالح حسین صاحب شوق (علیگ) قیمت عہ، پتہ:۔ شاد بکڈپو، جہندرو، پٹنہ۔

یہ کتاب شیعہ حضرات کے بعض معروف اعتراضات کے جواب میں لکھی گئی ہے، اور اس میں قرآن، حدیث، تاریخ اور کتب اہل تشیع سے استناد واستدلال کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس میں جانبدارانہ وانتہا پسندانہ رجحانات کا سراغ بھی ملتا ہے اور واقعات پر بے لاگ تنقید کرنے سے پہلو تہی کی گئی ہے تاہم اسے غیر مفید نہیں کہا جا سکتا۔

رسالہ حقیقت التقوی یا معیار عبادت از جناب مولانا تمنا عمادی مجیبی صاحب قیمت ۲ر۔ ملنے کا پتہ:۔ منیجر مکتبہ اسلامیہ، دار الادب۔ پھلواری شریف۔ (پٹنہ)

اس مختصر سے رسالہ میں اسلامی عبادات کی اصل روح یعنی "تقوی" کی اہمیت پر بحث کی گئی ہے۔ آپ کا مدعا یہ ہے کہ عبادات کا ظاہری ڈھانچہ کھڑا کر لینا اخروی کامرانی کے لیے ناکافی ہے۔ اس ڈھانچہ کے اندر حقیقی اسپرٹ کارفرما ہونی چاہیے جو عبادات کے واسطہ سے پورے معاملات میں طاری وساری ہو جائے۔

الدین القیم از مولانا تمنا عمادی مجیبی صاحب۔ قیمت ۲ر۔ ملنے کا پتہ:۔ منیجر مکتبہ اسلامیہ، دار الادب۔ پھلواری شریف

اس رسالہ میں "الدین" کی حقیقت بیان کرتے ہوئے ایمان کے اساسی موضوعات پر نظر ڈالی گئی ہے جناب